11مارچ 2021ء

فروری 2021ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی پریس ریلیز

- کارکنوں کی ترسیلاتِ زر مسلسل نویں مہینے میں فروری 2021ء میں 2 ارب ڈالر سے زائد رہیں۔
- فروری 2021ء میں کارکنوں کی ترسیلات 2.266 ارب ڈالر رہیں، جو کہ لگ بھگ گذشتہ مہینے کی ترسیلات کے برابر ہے جبکہ فروری 2020ء کے مقابلے میں یہ 24.2 فیصد زائد ہے۔
- جولائی تا فروری مالی سال 21ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات 18.7 ارب ڈالر تک جا پہنچیں جو گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 24.1 فیصد زائد ہے۔
- جولائی تا فروری مالی سال 21ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کا بڑا حصہ سعودی عرب (5.0 ارب ڈالر)، متحدہ عرب امارات (3.9 ارب ڈالر)، برطانیہ (2.5 ارب ڈالر) اور امریکہ (1.6 ارب ڈالر) سے موصول ہوا۔
- کارکنوں کی ترسیلاتِ زر میں اس متواتر اضافے میں جن چیزوں نے مدد دی ان میں باضابطہ ذرائع سے رقوم کی آمد کی حوصلہ افزائی کی خاطر حکومت اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے کیے گئے پالیسی اقدامات، کورونا کی وبا کے باعث سرحد پار سفر کا محدود ہونا، وبا کے دوران طبّی اخراجات اور بہبودی رقوم کی پاکستان کو منتقلی، اور بازارِ مبادلہ میں استحکام کی صورتِ حال شامل ہیں۔

***